فکر و نظر ..........اسلام آباد     جلد:۶۱     شمارہ: ۳     (جنوری–مارچ ۲۰۲۴ء)
DOI: https://doi.org/10.52541/fn.v62i3.1285

# شیخ علی متقی رحمۃ اللہ علیہ، ان کے فاضل تلامذہ اوران کی دینی خدمات

نادیہ عالم ۞
علی اکبر الازہری ۞

# Shaykh Ali Muttaqī, his Eminant Students and their Religious Services

**Nadia Alam**۞
**Ali Akbar Alazhari**۞

**ABSTRACT**: In the tenth century AH, the great Sufi Scholar of Gujarat, Sheikh Ali Muttaqi and his disciples gained popularity for their services in the reformation of society. With his religious knowledge, spiritual insight and bounty, he not only created an impact on Gujarat and India but on the whole Muslim world. Apart from training and providing guidance to his disciples, he also added immense knowledge to the Islamic literature by writing valuable books on Hadith, Sufism and other Islamic sciences. He pointed out the erroneous mistakes in the works of contemporary scholars, warned against the flaws in prevailing Sufism, redressed them and waged jihad against anti-Islamic beliefs and movements arising in the society through providing accurate information and correct knowledge. He trained his disciples and followers in a balanced way and in accordance to the true teachings of Islam. His able disciples then propagated his mission by following his teachings and foot prints and continued to make great efforts to eradicate the innovations and violations in the society. While doing so, they did not hesitate to sacrifice their lives and wealth as well. The article in hand, gives a brief and comprehensive overview of these services of Sheikh Ali Muttaqi and his close disciples.
**Key words**: Sheikh Ali Muttaqi, Innovations, Gujarat, Islam in India, Sufism

۞ اسسٹنٹ پروفیسر، گرین انٹرنیشنل یونی ورسٹی، لاہور۔
۞ گیریژن یونی ورسٹی، لاہور۔
۞ Assistant Professor, Green International University, Lahore. (nadia.alam@giu.edu.com)
۞ Garrison University, Lahore. (drazhari@gmail.com)

**Summary of the Article**

Gujarat, a region steeped in historical significance and diverse contributions, owes much to its strategic location along the coast, enhanced by a vital port that has attracted both traders and Islamic scholars throughout the ages. Among the luminaries that emerged from this rich land is Sheikh Ali Muttaqi, an important figure in the 10th century Hijri (885 AH/1480 AH-975 AH/1567 AH). Revered as an exceptional Muhaddith, researcher, and Sufi, Sheikh Ali Muttaqi's legacy extends far beyond his time, leaving an indelible mark on the understanding and documentation of Islamic principles.

Sheikh Ali Muttaqi, originally from Burhanpur, was profoundly influenced by the teachings of prominent Sufis. Choosing Ahmedabad as the epicenter of his intellectual pursuits, he embarked on a transformative journey to Hijaz around the age of fifty-five, coinciding with the Mughal government's occupation of the region. Spending the ensuing thirty-five years of his life in Makkah, he became known as Sheikh Muttaqi Al-Hindi, a testament to his commitment to Islamic scholarship.

His impact was not confined to personal pursuits but extended to nurturing a generation of disciples who, in turn, carried forward his noble work. These disciples, including luminaries like Imam Ibn Hajar al-Haitami al-Maki, Muhammad bin Tahir Patni, Sheikh Abdul Wahab al-Muttaqi Shazli, Sheikh Rahmatullah Sindhi, and Sheikh Abdullah Sindhi, became recognized figures not only within the Indian subcontinent but across the Islamic world.

Sheikh Ali Muttaqi's expertise spanned all Islamic sciences, with a particular focus on Hadith. Even approaching the age of ninety, he maintained an unwavering commitment to the study of Hadith until the end of his life, leaving behind a substantial body of work that includes over a hundred books. Noteworthy among them is "Kanz al-Ummal," a significant contribution to the field of Hadith, earning him the title "Sahib-e-Kanz-ul-Umal."

The disciples of Sheikh Ali Muttaqi played pivotal roles in furthering his legacy. Sheikh Muhammad bin Tahir Patni, born in Patan, Gujarat, emerged as a prominent figure. His journey took him to Hijaz, where he immersed himself in Hadith under renowned scholars. Serving Sheikh Ali Muttaqi in Makkah, he later established an Islamic seminary/madrasah in Patna, contributing to the reformation of the Bohra community and staunchly opposing the Mahdavi movement, ultimately sacrificing his life for this cause.

Another notable disciple, Shaykh Abdul Wahab Muttaqi, hailed from Mandu, Hindustan. Devoting his life to Sufism, he traveled extensively before settling in Makkah under Sheikh Ali Muttaqi's guidance. Despite not producing numerous individual works, his expertise and compassion shone through in his teaching and assistance to poor Indians in Makkah.

Sheikh Ali Muttaqi's disciples also include Shaykh Abdullah Sindhi and Shaykh Rahmatullah Sindhi, who, after receiving training in Gujarat, made significant contributions to Islamic knowledge, particularly in the field of Hadith.

Together, Sheikh Ali Muttaqi and his disciples played a crucial role in safeguarding and promoting the authentic teachings of Islam during the 10th century Hijri. In the face of emerging anti-Islamic influences, they engaged in

intellectual and spiritual jihad, correcting immoderations within Sufism, fasting on the maturity of Islamic beliefs, and countering movements that deviated from the true essence of Islam.

Their writings and magazines served as tools to inform and educate people about the genuine teachings of Islam, emphasizing correct beliefs and practices. Notably, they addressed challenges posed by new ideas and movements, working tirelessly to counteract misinformation and distortions. Their efforts included instructing authorities about the potential harm caused by these movements, contributing to the preservation and propagation of true Islamic teachings.

In summary, the collective efforts of Sheikh Ali Muttaqi and his disciples, rooted in enlightenment and unwavering commitment, served as a beacon during a period of challenges, ensuring the preservation and propagation of true Islamic teachings in the 10th century Hijri. Their legacy endures as a testament to their dedication, resilience, and profound impact on the Islamic scholarly tradition.

۞ ۞ ۞ ۞ ۞

مغربی ہندوستان میں گجرات دوسرے کئی امتیازات کے ساتھ ساتھ جلیل القدر علما و صوفیہ کی وجہ سے بھی مشہور رہا ہے۔ دسویں صدی ہجری میں یہاں کے ایک عظیم محدث، محقق اور صوفی شیخ علی متقی رحمۃ اللہ علیہ اور ان کے تلامذہ نے علم و تحقیق کے ساتھ دین اسلام کی دعوت ترویج اور ردِ بدعات و منکرات کے جہاد میں بہت نام پیدا کیا۔ شیخ علی متقیؒ نے اپنے ظاہری و باطنی علوم، فیوض اور برکات سے گجرات کے علاوہ ہندوستان بھر بلکہ سارے عالم اسلام میں رشد و ہدایت کی شمعیں روشن کیں۔ انھوں نے اپنے مریدین کی تربیت و راہ نمائی فرمانے کے ساتھ ساتھ حدیث، تصوف اور دیگر اسلامی علوم میں اہم کتب تحریر فرمائیں اور اسلامی علمی ذخیرے میں گراں قدر اضافہ فرمایا۔ انھوں نے معاصر علما کی اجتہادی و علمی غلطیوں کی نشان دہی فرمائی۔ تصوف کے شعبے میں ہونے والی بے اعتدالیوں کے بارے میں انھیں متنبہ فرمایا۔ علاوہ ازیں عقائد کے بارے میں بروقت درست آگاہی دے کر معاشرے میں اٹھنے والی اسلام مخالف تحریکوں کے خلاف جہاد فرمایا۔ ان کے قابل فخر تلامذہ نے اپنے شیخ و مربی کی تعلیمات کے مطابق ان کی کوششوں کو مزید آگے بڑھایا۔ ان بزرگانِ دین نے اپنے تلامذہ و مریدین کی اسلامی تعلیمات کے مطابق ایسی تربیت فرمائی کہ اس کوشش میں انھوں نے اپنی جان اور مال کی بھی پروا نہیں کی۔

زیر نظر مقالے میں شیخ علی متقیؒ اور ان کے کچھ قریبی تلامذہ کی انھی خدمات کے بارے میں ایک اجمالی جائزہ لیا گیا ہے، جو انھوں نے ہندوستان میں دین متین کی حفاظت کے لیے سر انجام دیں۔ اس جائزے سے یہ بھی مقصود ہے کہ مشائخِ برصغیر نے دعوت و عزیمت کی تاریخ رقم کرتے ہوئے بیک وقت علمی، تحقیقی اور جہادی

میدانوں میں اپنالوہا منوایا۔ یاد رہے کہ شیخ علی متقی رحمۃ اللہ علیہ المعروف شیخ متقی الہندی رحمۃ اللہ علیہ صاحبِ کنز العمال سلسلہ شاذلیہ قادریہ کے بہت ہی نام ور شیخ طریقت تھے۔ یہی وجہ ہے کہ حرمین شریفین قیام کے دوران امام ابن حجر الہیتمی المکی رحمۃ اللہ علیہ، شیخ عبدالوہاب متقی رحمۃ اللہ علیہ، شیخ شمس الدین انصاری رحمۃ اللہ علیہ اور شیخ شمس الدین البکری رحمۃ اللہ علیہ جیسے اکابر ائمہ نے ان سے علمی و روحانی استفادہ کیا اور ان کی خدمات کے حوالے سے کتب تحریر فرمائیں، جن کا تذکرہ آئندہ آرہا ہے۔

## شیخ علی متقی رحمۃ اللہ علیہ اور ان کے فاضل تلامذہ

شیخ کا نام علی اور القاب علاؤالدین اور نورالدین تھے؛ بعد میں آپؒ کو محدث کبیر کے لقب سے بھی پکارا گیا۔[1] آبائی علاقہ جون پور تھا، جہاں سے آپؒ کا خاندان برہان پور منتقل ہو گیا تھا۔ شیخ علی متقی رحمۃ اللہ علیہ برہان پور[2] میں ۸۸۵ھ / ۱۴۸۰ء میں پیدا ہوئے۔[3] مورخ ہند کبیر علامہ عبدالحیٔ الحسنی (م ۱۳۴۱ھ) آپؒ کا تعارف ان الفاظ میں کرواتے ہیں: "الشيخ العالم الكبير المحدث: علي بن حسام الدين بن عبد الملك بن قاضي خان المتقي الشاذلي المديني الچشتي البرهانپوري المهاجر إلى مكة المشرفة والمدفون بها."[4]

ابتدائی تعلیم و تربیت خود والد گرامی سے حاصل کی۔ والد نے تقریباً آٹھ سال کی عمر میں ہی ہونہار فرزند کو صوفی بزرگ شیخ بہاء الدین باجن چشتی برہان پوری رحمۃ اللہ علیہ (۷۹۰ھ-۹۱۲ھ) کے ہاتھ پر بیعت کروا دیا تھا۔ لڑکپن ہی میں والد کا سایہ آپؒ کے سر سے اٹھ گیا۔ آغازِ شباب میں شاہی ملازمت اختیار کر لی تھی۔ پھر اللہ تعالیٰ کی ہدایت و عنایت شامل حال ہوئی تو جلد ہی سرکاری عہدے، مال و متاع اور اہل دنیا کی بے ثباتی اور ناپائنداری کا احساس ہو گیا۔ اس لیے ملازمت ترک کر کے شاہ باجن چشتی رحمۃ اللہ علیہ کے فرزند اور جانشین شیخ عبدالحکیم چشتی رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں

---

۱۔ ضیاالدین اصلاحی، **تذکرۃ المحدثین** (لاہور: دارالابلاغ، ۲۰۱۴ء)، ۲: ۳۲۵۔

۲۔ موجودہ برہان پور کا شہر بھارتی ریاست مدھیہ پردیش میں واقع ہے۔ اپنے محلِ وقوع کی بنا پر اسے "بابِ دکن" بھی کہا جاتا ہے۔

۳۔ آپ کی تاریخ پیدائش میں اختلاف ہے۔ ۸۷۵ھ، ۸۸۸ھ اور ۸۵۷ھ بھی کہی گئی ہیں۔ مگر زیادہ تر مؤلفین نے ۸۸۵ھ کو اختیار کیا ہے۔ دیکھیے: عبدالحیٔ الحسنی، **نزهة الخواطر و بهجة المسامع والنواظر** (بیروت: دارابن حزم، ۱۴۲۰ھ/۱۹۹۹ء)، ۴: ۳۸۵۔

۴۔ الحسنی، نفسِ مصدر، ۴: ۳۸۵۔

حاضر ہوئے اور بیعت کر کے خرقۂ خلافت حاصل کیا، مگر فطری بلند ہمتی اور عزیمت نے اس رسمی بیعت پر اکتفا نہ کرنے دیا۔ طبیعت میں مقصد اعلیٰ اور مطلوب حقیقی کو پانے کے جذبے نے وطن سے ہجرت پر مجبور کر دیا اور آپؒ ملتان تشریف لے گئے۔ وہاں اعلیٰ تعلیم کے حصول اور باطنی تعمیر کے لیے شیخ حسام الدین ملتانی رحمۃ اللہ علیہ (۸۷۸ھ - ۹۶۰ھ) کی خدمت میں حاضر ہوئے اور دو سال تک ان کی صحبت سے اکتسابِ فیض کیا۔ دیگر علوم کے ساتھ خصوصاً **تفسیر البیضاوي** اور کتاب **عين العلم** کا درس لیا۔ اس کے ساتھ ساتھ ملتان کے دیگر علمائے کرام سے بھی علم کا حصول جاری رکھا۔[۵]

اس زمانے میں آپؒ کا معمول تھا کہ جہاں جاتے تو ہمیشہ دو تھیلے اپنے ساتھ رکھتے۔ ایک میں کھانے پکانے کی اشیا اور دوسرے تھیلے میں قرآن مجید اور ضروری کتب ہوتیں۔ ایک مشک کمر پر ہوتی جس میں پکانے، وضو یا اگر ضرورت ہو تو بقدر غسل پانی موجود رہتا۔ آپؒ کی عادت تھی کہ جس علاقے میں بھی جاتے وہاں کبھی مسجد میں نہ ٹھہرتے، بلکہ مکان کرائے پر لے کر رہتے۔ خود ہی پکاتے اور اپنا سامان بھی خود ہی اٹھاتے تھے۔ دو دن کے کھانے سے چار پانچ دن گزار لیتے۔ کبھی دوسروں سے خدمت نہ لیتے۔ مضبوط جسم اور قوی ڈیل ڈول کے مالک تھے۔ (مگر آخر عمر میں مسلسل ریاضت و مجاہدہ سے جسم صرف ہڈیوں کا ڈھانچہ ہی رہ گیا تھا) ملتان سے گجرات واپس آئے تو اللہ تعالیٰ نے ان کے لیے مخلوق کے دلوں میں قبولیت اور شہرت رکھ دی۔ اب یہاں یہ حالت ہوئی کہ آپؒ جہاں جاتے خلق اللہ پیچھے پیچھے ہوتی اور شمع پر پروانوں کی مانند گرتی۔ مگر آپؒ اپنے حجرے میں بند ہو کر یاد الٰہی میں مگن رہتے۔ کسی کو اندر آنے کا موقع نہ دیتے۔ جو زیارت کے لیے آتا خادم باہر آ کر ان کی دل جوئی کرتے اور دعا اور فاتحہ کر کے رخصت کر دیتے۔ اس زمانے میں لوگ آپؒ کو صرف نماز کے لیے مسجد جاتے ہوئے ہی دیکھ سکتے تھے۔

احمد آباد میں قیام کے دوران نکاح کی سنت پوری کی۔ اللہ تعالیٰ نے آپؒ کو ایک فرزند عطا فرمایا جو کم عمری ہی میں وفات پا گیا تھا۔ آپؒ نے اپنی بیوی کو پیغام بھیجا کہ میرا مقصود پورا ہوا۔ اس نکاح سے یہی غرض تھی کہ اللہ تعالیٰ فرزند عطا فرمائے جو صغر سنی ہی میں اس دنیا سے رخصت ہو جائے اور حشر میں ہمارا سفارشی ہو۔ اب آپ کو اختیار ہے۔ ان پاک بی بی نے خدمت کو سعادت قرار دیتے ہوئے آپؒ کے ساتھ رہنے کو ہی ترجیح دی۔[۶]

---

۵۔ شیخ عبد الحق محدث دہلوی، **زاد المتقين في سلوک طريق اليقين**، مترجم: محمد عبد الحلیم چشتی (کراچی: الرحیم اکیڈمی، ۱۴۱۹ھ)، ۴۷۔

۶۔ عبد الحق، نفسِ مصدر، ۵۰۔

## عرب علما اور مشائخ کے جھرمٹ میں

آپؒ نے عمر کا زیادہ اور اہم حصہ احمد آباد (گجرات) میں بسر فرمایا۔ پھر مغل بادشاہ نصیر الدین ہمایوں (۱۵۰۸ء- ۱۵۵۶ء) نے جب ۹۴۱ھ / ۱۵۴۳ء میں گجرات پر قبضہ کر لیا تو آپؒ نے حرمین شریفین کا قصد فرمایا اور پھر وہیں تقریباً پینتیس (۳۵) سال تک قیام فرمایا۔ مکہ مکرمہ میں شیخ الحرم تاج العارفین ابو الحسن بن جلال الدین بکریؒ (۸۹۹ھ-۹۵۲ھ) سے حدیث اور فقہ میں مہارت حاصل کی۔ ان کی صحبت اور شاگردی کے علاوہ دوسرے مشائخ سے بھی استفادہ کیا۔ شیخ ابو شمس محمد سخاوی رحمۃ اللہ علیہ (۸۳۱ھ-۹۰۲ھ) کے سلسلہ قادریہ کے علاوہ ان سے قطب زمان شیخ نور الدین ابوالحسن شاذلی (۵۹۱ھ-۶۵۶ھ) کے سلسلہ شاذلیہ اور شیخ ابو مدین مغربی رحمۃ اللہ علیہ (۵۰۹ھ-۵۹۴ھ) کے سلسلہ مدنیہ مغربیہ کے خرقے بھی حاصل کیے۔[۷] فقیہ اعظم مکہ شیخ ابن حجر ہیتمی مکی رحمۃ اللہ علیہ (۹۰۹ھ-۹۷۴ھ) کے علاوہ زاہد زمانہ شیخ طاہر زمان الزواری رحمۃ اللہ علیہ اور شیخ شمس الدین محمد بن عراق (م ۹۵۴ھ) سے بھی علمی استفادہ فرمایا۔[۸] اب آپؒ نے مکہ مکرمہ میں مستقل سکونت اختیار فرمائی۔ آپؒ نے ابتداءً شیخ ابن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ سے پڑھا، مگر بعد میں جب شیخ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ کی باطنی حالت بدلی اور ان پر شیخ علی متقی کی بزرگی ظاہر ہوئی تو انھوں نے ان سے باقاعدہ بیعت کر لی اور آپؒ سے خرقۂ خلافت بھی زیب تن کیا۔ وہ علی الاعلان خود کو شیخ علی متقی رحمۃ اللہ علیہ کا نیاز مند اور شاگرد کہتے تھے۔ آپؒ کے ظاہری علوم اور باطنی فیوض سے عرب و عجم کی ساری دنیا مستفید ہوئی۔ طلبہ کی تعلیم ہو، مریدوں کی تربیت یا تصانیف و تالیفات، سب کے ذریعے عظیم الشان خدمات سر انجام دیں۔[۹] بقول شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ آپؒ نے عبادات، مجاہدہ، دینی علوم اور یقین و معرفت سے

---

۷- مولانا یوسف متالا، **مشائخ احمد آباد** (لاہور: مکتبہ الحرمین، اشاعت دوم ۱۴۳۲ھ)، ۳۶۵- ۳۶۶۔

۸- السید محمد الشلی الیمنی، **النساء الباهر بتكميل النور السافر فى أخبار القرن العاشر** (صنعاء: مكتبة الإرشاد، ۱۴۲۵ھ)، ۵۰۷۔

۹- عبدالحق، **زاد المتقين**، ۵۶؛ شیخ عبدالحق محدث دہلوی، **اخبار الاخیار مع مکتوبات** (لاہور: نوریہ رضویہ پبلشنگ کمپنی، ۲۰۱۵ء) ۲۵۸۔

ایک عالم کو منور اور فیض یاب کیا۔[۱۰] آپؒ نے اپنی زندگی اشاعت علم اور اہل علم کی مدد و اعانت کے لیے وقف کر دی تھی۔ آپؒ طلبہ کو اپنے ہاتھوں سے سیاہی بنا کر دیتے۔ انھیں کتابیں مہیا کرتے۔ اگر وہ کم یاب ہوتیں تو ان کی نقول کروا کر انھیں مرحمت فرماتے، بلکہ جن شہروں میں وہ کتاب موجود نہ ہوتی وہاں بھی بھجوانے کا انتظام فرماتے۔[۱۱]

## احادیث نبوی ﷺ سے قلبی تعلق

آپؒ کا حدیث نبوی ﷺ سے قلبی تعلق اور وابستگی حد درجہ تھی۔ شیخ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کے مطابق شیخ متقی رحمۃ اللہ علیہ زیادہ تر سنن و احادیث کی جستجو اور ان کی تدریس میں مصروف رہتے۔ زندگی کے آخری لمحات تک حتیٰ کہ جان کنی کے عالم میں بھی آپؒ اسی عمل میں مشغول رہے۔ دمِ آخر تک آپؒ نے **جامع کبیر** کا مطالعہ جاری رکھا۔ یہ ایسا قلبی تعلق اور شغف تھا کہ وفات سے چند لمحات قبل بھی فرمانے لگے کہ آخری سانس تک میرے آگے سے کتب احادیث نہ ہٹانا۔ لوگوں کے پوچھنے پر آخری سانس کی نشانی بھی بیان فرمائی کہ جب تک میری انگشت شہادت (جو کہ ذکر الٰہی میں ہمہ وقت متحرک رہتی تھی) حرکت میں رہے تو سمجھنا میرا سانس جاری ہے، جب یہ بھی حرکت کرنا چھوڑ دے تو سمجھ لینا کہ میری روح پرواز کر گئی۔ اس کے بعد ہی کتاب میرے سامنے سے اٹھانا۔[۱۲]

## علمائے حرمین کے ہاں شیخ علی متقی رحمۃ اللہ علیہ کا مقام و مرتبہ

آپؒ کی جلالت شان اور علمی مقام و مرتبہ کا اندازہ آپؒ کے معاصرین اور متاخرین علمائے کرام کے اقوال سے ہوتا ہے۔ اس وقت کے عرب و عجم کے تمام علما و مشائخ آپؒ کی عظمت اور مقام ارفع کے قائل نظر آتے ہیں۔ شیخ ابو الحسن بکری، شیخ الوجیہہ عمودی، شیخ شمس الدین انصاری، شیخ شمس بکری رحمہم اللہ ان سب نے شیخ علی متقی رحمۃ اللہ علیہ کی بہت مدح سرائی کی ہے۔[۱۳] ان کے علاوہ علامہ عبد القادر عیدروسی رحمۃ اللہ علیہ (م ۱۰۳۸ھ) نے **النور السافر من اخبار القرن العاشر** اورعبد الحی ابن العماد الحنبلی (۱۰۳۲ھ-۱۰۸۹ھ) نے **شذرات**

---

۱۰- عبد الحق، **اخبار**، ۲۵۷۔

۱۱- عبد الحق، **اخبار**، ۲۶۱۔

۱۲- علاء الدین علی متقی، **کنز العمال**، مقدمہ: مفتی احسان اللہ شائق (کراچی: دار الاشاعت، ۲۰۰۹ء) ۱: ۵۷؛ عبد الحق، **زاد**، ۱۰۲۔

۱۳- متالا، **مشائخ**، ۳۸۶۔

**الذهب**،علامہ عبد القادر بن احمد فاکہی نے**القول النقي في مناقب المتقي**علامہ ابو المواہب عبدالوہاب شعرانی رحمۃ اللہ علیہ(م ۹۷۳ھ)نے **الطبقات الکبریٰ** کی جلد دوم میں آپؒ کا تذکرہ بہت شان دار الفاظ میں اور بڑے اہتمام سے کیاہے۔ آپؒ کے تلمیذ رشید اور شیخ عبد الحق محدث دہلویؒ کے شیخ حضرت عبد الوہاب متقیؒ نے آپ کی تعریف و سوانح عمری میں ایک مکمل کتاب **إتحاف التقي في فضل شيخ على المتقي** تحریر کی ہے۔سب سے بڑھ کر شیخ عبد الحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتب **زاد المتقين في طريق سلوک طريق اليقين**اور**أخبار الأخيار في أسرار الأبرار** میں آپ کا بہت مبسوط اور جامع تذکرہ کیاہے۔

تصنیف و تالیف میں امتیاز کے علاوہ آپؒ باطنی کمالات،عبادت و ریاضت اور زہد و اتقا میں بھی اپنی مثال آپ تھے۔ تمام تذکرہ نگاروں نے آپؒ کی اس خصوصیت اور تصوف میں درجۂ کمال کا ذکر کیا ہے۔[۱۴] آپؒ نے منگل کی صبح ۲/ جمادی الاولیٰ ۹۷۵ھ / ۱۵۶۷ءکو مکہ مکرمہ میں ۹۰/ سال کی عمر میں وفات پائی اور جنت المعلیٰ میں حضرت فضیل بن عیاض رحمۃ اللہ علیہ کی قبر کے سامنے دفن ہوئے۔[۱۵]

## کبار تلامذہ

آپ کے تلامذہ میں نام ور علما، محدثین،فقہا اور صوفیاے کرام کی عظیم شخصیات نظر آتی ہیں۔ آپؒ کے حلقۂ علم و عرفان سے استفادہ کرنے والوں کی فہرست طویل ہے۔ان میں زیادہ مشہور تلامذہ یہ ہیں:

۱۔ امام ابن حجر الھیتمی المکی

۲۔ محدث دیار ہند محمد بن طاہر پٹنی صاحب مجمع بحار الانوار

۳۔ شیخ عبد الوہاب المتقی شاذلی

۴۔ شیخ رحمت اللہ سندھی

۵۔ قاضی عبد اللہ سندھی

شیخ علی متقی اور آپؒ کے فاضل تلامذہ کے مناقب اور مقام و مرتبہ کے بارے میں کئی سوانح نگاروں نے یہ واقعہ بیان فرمایاہے کہ ۲۷/ رمضان المبارک جمعہ کو شیخ علی متقی رحمۃ اللہ علیہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کی سعادت

---

۱۴۔ اصلاحی، **تذکرۃ**، ۲: ۳۳۷۔

۱۵۔ الحسنی، **نزهة الخواطر**،۳۸۹۔

حاصل کی۔ شیخ نے آپ ﷺ سے دریافت کیا کہ فی زمانہ سب سے افضل شخص کون ہے؟ (ایک روایت میں ہے کہ پوچھا: اس زمانہ میں سنت مبارکہ کا سب سے زیادہ متبع کون ہے؟) ارشاد نبوی ﷺ ہوا! "تم ہو" پھر پوچھا، اس کے بعد؟ فرمایا! ہندوستان میں محمد بن طاہر (پٹنی)۔ایک روایت میں ہے کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا تھا کہ اس کے بعد عبدالوہاب (متقی) افضل ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ اسی طرح کا خواب اس رات شیخ عبدالوہاب متقی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی دیکھا۔ جب شیخ کی خدمت میں آکر بتانے لگے تو شیخ نے پہلے ہی فرمایا کہ تم نے جو خواب دیکھا سچ ہے، میں نے بھی رات یہی خواب دیکھا ہے۔ (۱۶)

## گراں قدر تصانیف

شیخ علی متقی رحمۃ اللہ علیہ کی علمی خدمات اور تصانیف کا دائرہ بہت وسیع ہے۔ آپؒ نے خاص طور پر تفسیر، حدیث اور تصوف کے موضوعات پر لکھا ہے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ کو ہندوستان کے کثیر التصانیف علمائے کرام میں شامل کیا جاتا ہے۔ آپؒ کی تالیفات اور تصانیف کی تعداد سو سے زائد ہے۔ اہم تصانیف میں درج ذیل کتب بطور خاص شامل ہیں: (۱۷)

۱۔ إرشاد العرفان وعبارة الإيمان
۲۔ أسرار العارفين
۳۔ الإكمال لمنهج العمال
۴۔ البرهان الجلي في معرفة الولي
۵۔ البرهان في علامات مهدي آخر الزمان
۶۔ تبويب الحكم العطاية
۷۔ تبيين الطريق إلى الله تعالىٰ
۸۔ تلقين الطريق في السلوك لما ألهمه الله سبحانه
۱۷۔ العنوان في سلوك النسوان
۱۸۔ غاية العمال في سنن الأقوال
۱۹۔ غاية الكمال في بيان افضل الأعمال
۲۰۔ فتح الجواد
۲۱۔ الفصول شرح جامع الأصول
۲۲۔ كنزالعمال في سنن الأقوال و الأفعال
۲۳۔ مجموعه حكم الكبير
۲۴۔ مختصر النهاية في اللغة لابن الأثير

---

۱۶۔ عبدالقادر بن عبداللہ العیدروس، **النور السافر عن أخبارالقرن العاشر** (بیروت: دار الصادر، ۲۰۰۱ء)، ۴۲۱۔

۱۷۔ کتب کی تفصیل کے لیے دیکھیں: اصلاحی، **تذکرة**، ۲: ۳۶۶-۳۷۷۔

۹. جوامع الكلم في المواعظ الحكم

۱۰. خلاصة الحقائق في الحكم الدقائق

۱۱. الرق المرقوم في غايات

۱۲. العلوم رسالة في إبطال دعویٰ السيد محمد بن يوسف الجونبوري

۱۳. زاد الطالبين

۱۴. شمائل النبيﷺ

۱۵. شؤن المنزلات

۱۶. عمدة الوسائل

۲۵. مستدرک الأقوال في سنن الأقوال

۲۶. منتخب کنزالعمال

۲۷. منهج الأعمال في سنن الأقوال

۲۸. المواهب العلية في الجمع بين الحكم القرآنية و الحديثية

۲۹. نظم الدُرر

۳۰. نعم الميعاروالقياس لمعرفة مراتب الناس

۳۱. النَهج الأتم في ترتيب الحكم

۳۲. الوسيلة الفاخرة في سلطنة الدنيا والآخرة

ذیل میں ہم بالترتیب آپ عِشاللہ کے ان ہندوستانی تلامذہ کا ذکر کر رہے ہیں جنھوں نے عرب و عجم میں بہت نام کمایا اور عمر بھر علم و عرفان کی اعلیٰ خدمت سر انجام دی۔ ورنہ قیام مکہ مکرمہ میں آپؒ کے حلقہ عرفان سے مستفید ہونے والے تلامذہ و مریدین کا تعلق کئی دوسرے ممالک سے بھی تھا۔ ان میں ابن حجر ہیتمی المکی عِشاللہ(۱۸) کا نام سر فہرست ہے۔

---

۱۸– شہاب الدین ابو العباس احمد بن محمد حجر الہیتمی المکی الشافعی(۹۰۹ھ / ۹۷۴ھ)، مفتی حجاز اور ناشر العلوم القاب ہیں۔ مغربی قاہرہ کے علاقہ محلہ ابی ہیتم میں پیدا ہوئے۔ ایک روایت کے مطابق ان کے ایک دادا اونچا سننے کی وجہ سے ہیتم کی نسبت سے پکارے گئے تھے اسی وجہ سے امام ہیتمی کہلائے۔ بچپن میں ہی یتیم ہو گئے۔ حفظ کرنے اور ابتدائی تعلیم کے بعد ۹۲۴ھ میں جامع الازہر میں داخل ہوئے۔ ۱۹/ سال کی عمر میں وہاں سے سند فراغت حاصل کر لی اور درس و تدریس کا آغاز کیا۔ ۹۳۷ھ کو مستقل طور پر مکہ مکرمہ منتقل ہو گئے، وہیں ساری زندگی بسر فرمائی۔ کثیر و مفید تصانیف تحریر فرمائیں۔ حیات و خدمات کی تفصیل کے لیے دیکھیں: العیدروس، **النور السافر**، ۳۹۰– ۳۹۶۔

## ۱- شیخ محمد بن طاہر پٹنی

ملک المحدثین شیخ العالم الکبیر علامہ مجد الدین محمد بن طاہر بن علی حنفی پٹنی گجراتی رحمۃ اللہ علیہ (۹۱۴ھ -۹۸۶ھ / ن ۱۵۰۷ء- ۱۵۷۸ء) آپؒ نہروالہ، پٹن، گجرات میں پیدا ہوئے۔ آپ کا ایک لقب "جمال الدین" بھی تھا۔[۱۹] بوہرہ قوم سے تھے۔[۲۰] بوہرہ صدیوں پہلے شیخ علی حیدری رحمۃ اللہ علیہ مدفون کھنبائت کے ہاتھ پر مسلمان ہو گئے تھے۔ کچھ تذکرہ نگاروں نے آپؒ کو صدیقی الاصل قرار دیا ہے۔ جب کہ خود آپ نے اپنی تصنیف **تذکرۃ الموضوعات** میں ہندی الاصل لکھا ہے۔ کچھ نے یہ خیال ظاہر کیا ہے کہ آپؒ ماں کی جانب سے صدیقی تھے، جب کہ یہ بھی کہا گیا ہے کہ بوہرہ قوم ہندی اور عرب اقوام کے لوگوں کا مجموعہ تھی؛ اس لیے ہو سکتا ہے کہ آپؒ بوہرہ ہونے کے ساتھ ساتھ صدیقی النسل بھی ہوں۔[۲۱] شیخ محمد بن طاہر رحمۃ اللہ علیہ نے بلوغت سے قبل ہی قرآن پاک حفظ کیا، پھر استاد الزمان ملا مٹھ (یا ملامہتہ)، شیخ ناگوری رحمۃ اللہ علیہ، مولانا برہان الدین سمہودی رحمۃ اللہ علیہ اور ید اللہ سوہی رحمۃ اللہ علیہ وغیرہ سے تحصیل علوم کی۔

پندرہ سال میں علوم کی تکمیل کے بعد تیس یا اکتیس سال کی عمر میں آپؒ نے ۹۴۴ھ میں حج و زیارات کی نیت سے حرمین شریفین کا قصد فرمایا اور مدت تک وہیں قیام کیا۔ وہاں نامور علماے کرام، محدثین و فقہا سے استفادہ کیا اور حدیث کی سند حاصل کی۔ ان میں شیخ ابو الحسن بکری، شیخ احمد بن حجر مکی، شیخ علی بن عراق، شیخ جار اللہ بن فہد، سید عبد اللہ عید روس، شیخ برخوردار سندھی اور شیخ عبید اللہ سرہندی رحمہم اللہ جیسے فقید المثال بزرگان دین شامل تھے۔[۲۲] فن حدیث میں آپؒ نے اتنا کمال حاصل کیا کہ "رئیس المحدثین" اور "ملک المحدثین" کے القابات سے پکارے گئے۔ حدیث کے علاوہ آپؒ لغت اور عربی زبان کے اتنے ماہر تھے کہ لغوی کہلاتے تھے۔ اس کمال کی وجہ

---

۱۹- اصلاحی، **تذکرۃ**، ۲: ۳۷۸۔

۲۰ - بوہرہ قوم کے لوگ تجارت پیشہ تھے۔ یا چھوٹے پیشے اپنا کر روزی کماتے تھے۔ بوہرہ لفظ بیوہار (بیوپار) سے مشتق ہے۔ جس کا مطلب ہندی میں " تجارت " ہے۔ پہلے یہ لوگ اسماعیلی شیعہ تھے۔ شیخ جعفر گجراتی رحمۃ اللہ علیہ کے اثر سے سنی ہوئے۔ شیخ محمد بن طاہر بھی اہل سنت سے تھے۔ الحسنی، **نزھۃ**، ۴۱۰۔

۲۱- محمد طاہر بن علی ہندی، **تذکرۃ الموضوعات للفتني** (مصر: ادارۃ الطباعۃ المنیریۃ، ۱۳۴۳ھ)، ۳۱۱؛ عبد الوہاب اقضی القضات، **تذکرہ علامہ شیخ محمد بن طاہر محدث پٹنی** (دہلی: ندوۃ المصنفین، ۱۳۷۳ھ)، ۱۱؛ اصلاحی، **تذکرۃ**، ۲: ۳۸۱۔

۲۲ - محمد، **تذکرۃ**، ۳۱۱۔

سے آپؒ نے علم حدیث کی نہایت اہم و مفید خدمات سرانجام دیں۔ آپؒ نے حدیث کے مشکل الفاظ اور لغات کی ایک جامع لغت **مجمع بحار الانوار** مرتب کی۔ جس کی حیثیت احادیث کی شرح کی سی ہے اور یہ پوری اسلامی دنیامیں متداول ہے۔

شیخ محمد بن طاہر رحمۃ اللہ علیہ مکہ مکرمہ گئے تو پہلے شیخ ابوالحسن بکری رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت و صحبت میں رہے۔ پھر ان سے بیعت کی درخواست کی۔ مگر شیخ بکری رحمۃ اللہ علیہ نے خود بیعت کرنے سے انکار کر دیا اور فرمایا کہ: ”سبحان اللہ! شیخ علی متقی رحمۃ اللہ علیہ کی موجودگی میں میرے لیے یہ (بیعت کرنا) جائز نہیں ہے“ اس لیے شیخ محمد بن طاہر رحمۃ اللہ علیہ شیخ علی متقی رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور ان سے بیعت کا شرف حاصل کیا۔ اس کے بعد حجاز میں قیام کے دوران زیادہ عرصہ شیخ علی متقی رحمۃ اللہ علیہ کی بیعت و صحبت کریمہ سے فیض یاب ہوئے اور خلافت سے سرفراز ہوئے۔[۲۳] وطن واپسی پر آپؒ نے پٹن میں مدرسہ قائم کیا اور پوری دلجمعی اور ذوق سے درس و تدریس اور تصنیف و تالیف میں مشغول ہو گئے۔ گو آپؒ کے مدرسہ میں ہر طرح کے علوم پڑھائے جاتے تھے مگر یہ حدیث کی تعلیم و تدریس کے لیے زیادہ مشہور ہوا۔ آپؒ کے بعد بھی یہ مدرسہ آپ کے بیٹے اور پوتے کے زیر اہتمام چلتا رہا۔ پھر اورنگزیب عالمگیر رحمۃ اللہ علیہ کے عہد میں جب یہاں نیا سرکاری مدرسہ قائم کیا گیا تو آپؒ کا مدرسہ اسی میں ضم ہو گیا۔[۲۴]

آپؒ صلاح، تقویٰ، ورع اور تبحر میں خصوصیت کے حامل تھے اور گجرات کے اہل علم اور فن حدیث کے علما میں عالی مرتبہ گنے جاتے تھے۔ جب والد گرامی کی بے انتہا دولت کے وارث بنے تو یہ تمام دولت آپؒ نے طلبہ میں تقسیم کر دی۔ آپؒ نے علما اور اساتذہ کو کہا ہوا تھا کہ جو بھی ذہین، لائق اور تیز فہم طلبہ ہوں انھیں میرے پاس بھیج دیا کریں۔ آپؒ ان سے تفتیش فرماتے، اگر وہ متمول گھرانے کا ہوتا تو اسے اچھی طرح پڑھنے کی تاکید فرماتے۔ جب کہ غریب طلبہ سے فرماتے کہ تم پڑھو! اخراجات کی کوئی فکر نہ کرو، میں تمھارے اور تمھارے اہل و عیال کے اخراجات کا کفیل ہوں، تم پوری جمیعت سے (صرف) تحصیل علم میں مصروف ہو جاؤ۔ آپؒ کا یہ مشورہ ہر محتاج و فقیر طالب علم کے لیے ہوتا تھا۔ اس طرح آپؒ نے اپنی تمام دولت دین کے ان طلاب پر صرف کر دی۔ دراصل تحصیل علم کے زمانے میں اپنی بے مثال ذہانت اور فطانت کی بنا پر آپؒ پر ہم درس طلبہ اور کچھ اساتذہ کی جانب سے

---

۲۳ – عبدالحق، **زاد**، ۲۸۷۔

۲۴ – ابو ظفر ندوی، **گجرات کی تمدنی تاریخ** (اعظم گڑھ: مطبع معارف، ۱۹۶۲ء)، ۱۹۹۔

بہت سختیاں ہوئی تھیں۔ ان لوگوں نے آپؒ کے علم اور مباحثہ سے عاجز آکر حسد، کینہ اور بغض کی بنا پر بہت تنگ کیا۔ اس وقت آپؒ نے یہ نذر مانی تھی:

اگر اللہ تعالیٰ مجھے دولت علم سے سر فراز فرمائے گا تو میں اپنے علم میں کسی بخل سے کام نہیں لوں گا اور اس علم کو سراسر رضائے الٰہی میں صرف کروں گا، طلبہ کی عزت کروں گا اور ان سے خوب لطف و شفقت سے پیش آیا کروں گا۔ پھر آپؒ نے اپنی اس نذر کو خوب پورا کیا۔ آپؒ طلبہ سے علمی محاسبہ بھی فرماتے اور ان کی تربیت و تدریس بھی کرتے۔ ان گنت طلبہ آپؒ کے حلقہ درس میں شامل ہوئے۔ جن کی بدولت بے شمار عوام نے علمی استفادہ کیا۔ [۲۵]

آپؒ اپنے شیخ حضرت علی متقی رحمۃ اللہ علیہ کی عادت اور وصیت کے مطابق خود سیاہی بنا کر اپنے طلبہ کو دیا کرتے۔ اولاد میں اللہ تعالیٰ نے آپؒ کو چار ابراہیم، ابو بکر، احمد اور نور الحق نامی صاحبزادے عطا فرمائے۔ آپ کے بیٹوں، پوتوں اور پرپوتوں سب نے دینی تعلیم حاصل کی۔ وہ اعلیٰ سرکاری مناصب پر فائز بھی رہے۔[۲۶] آپؒ اجین میں ۹۸۶ھ / ۱۵۷۸ء شہید کر دیے گئے۔ وہاں سے لاکر پٹن میں اسلاف کے مقبرہ میں تدفین کی گئی۔ [۲۷]

## تصانیف

آپؒ نے کئی بلند پایہ تصانیف تحریر فرمائیں۔ ان میں درج ذیل کتب بطور خاص قابل ذکر ہیں: [۲۸]

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱. | تحفة الولاة و نصيحة الرعية والرعاة | ۱۸. | سوانح نبوی ﷺ (فارسی) |
| ۲. | تذكرة الموضوعات | ۱۹. | شرح عقیده |
| ۳. | تکمله مجمع بحار | ۲۰. | طبقات حنفيه |
| ۴. | توسل | ۲۱. | عدة المتعبدين |
| ۵. | چهل حديث | ۲۲. | قانون الموضوعات فی ذكر الضعفاء والوضاعين |
| ۶. | حاشيه توضيح و تلويح | ۲۳. | كفاية المفرطين شرح شافيه |
| ۷. | حاشيه صحيح بخاری | ۲۴. | لطائف الاخبار |

---

۲۵- عیدروس، **النور**، ۴۷۶۔

۲۶- ندوی، **گجرات**، ۲۲۳۔

۲۷- نفس مرجع، ۴۱۱۔

۲۸- کتب کی تفصیل کے لیے دیکھیں: اصلاحی، **تذکرۃ**، ۲: ۴۰۲- ۴۱۵۔

۸. حاشیه صحیح مسلم
۹. حاشیه مشکوٰۃالمصابیح
۱۰. حاشیه مقاصد الاصول
۱۱. خلاصة الفوائد
۱۲. دستور الصرف
۱۳. رسالة احکام بیر
۱۴. رسالة امساک مطر
۱۵. رسالة فضیلت صحابه
۱۶. رسالة کحلیه
۱۷. سوانح نبوی ﷺ (عربی)

۲۵. مجمع بحار الانوارفی غرائب التنزیل
۲۶. مختصر اتقان
۲۷. مختصر مستظهریه
۲۸. المغنی اللبیب فی ضبط الرجال
۲۹. مقاصد جامع الاصول
۳۰. منهاج السالکین
۳۱. نصاب البیان
۳۲. نصاب المیزان
۳۳. نصیحة الولاة والرعاة والرعیة

## ۲- شیخ عبد الوہاب متقی شاذلی

شیخ سید عبد الوہاب المتقی القادری الشاذلی بن ولی اللہ ۹۰۲ھ میں مانڈو (شادی آباد صدر مقام مالوہ) میں پیدا ہوئے۔[۲۹] آپؒ کے والد گرامی مانڈو کے اکابر اولیا سے تھے۔ بوجوہ ترک وطن کر کے برہان پور منتقل ہو گئے۔ یہاں بھی اکابرین میں شمار ہوئے مگر جلد ہی وفات پا گئے۔ کچھ ہی عرصے بعد آپؒ کی والدہ نے بھی آپؒ کی کم سنی میں وصال فرمایا۔ آپؒ کو کم عمری سے ہی سیر و سیاحت کا شوق ہوا۔ طلبِ حق میں لڑکپن سے ہی فقر و تجرید اور سیاحت عالم کو اختیار فرمایا۔ آپؒ نے دکن و گجرات کے نواح، سیلون، لنکا اور سراندیپ وغیرہ میں بہت سیاحت فرمائی۔ اس زمانے میں تحصیل علم اور مشائخ سے استفادے کے علاوہ کہیں بھی تین دن سے زیادہ قیام نہ فرماتے۔ بیس سال کے ہوئے تو سیاحت کرتے ہوئے مکہ معظمہ پہنچے۔ والد گرامی کے شناسا شیخ علی متقیؒ نے جب آپؒ کی آمد کا سنا تو خود ملنے تشریف لائے، بہت مہربانی فرمائی اور اپنے ساتھ قیام کرنے کی دعوت دی۔ پہلے تو قبول نہیں کیا مگر شیخ کے لطف و کرم کو دیکھتے ہوئے کچھ توقف کے بعد آمادہ ہو گئے۔ ان سے بیعت کی اور شیخ کے علوم ظاہری اور باطنی سے بہرۂ وافر حاصل کیا۔

---

۲۹- شیخ عبد الوہاب متقیؒ شاذلی کا ذکر خیر شیخ عبد الحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتابوں **زاد المتقین** اور **اخبار الاخیار** میں بڑی تفصیل سے کیا ہے۔ یہ مختصر سوانح زیادہ تر وہاں سے ہی لیے گئے ہیں۔ تفصیل کے لیے دیکھیں: عبد الحق، **زاد**، ۲۵۳-۱۱۷؛ **اخبار**، ۲۶۹- ۲۷۸۔

آپؒ نہایت خوش خط اور سریع نویس تھے۔ شیخ علی متقیؒ نے یہ دیکھ کر اپنی کتب کی کتابت اور ترتیب کا کام آپؒ کو ہی سونپ دیا۔ آپؒ نے اپنے شیخ کی اکثر کتب کی کتابت اور تصحیح کی ہے۔ آپؒ کی کتابت میں اتنی تیزی اور روانی تھی کہ ایک مرتبہ آپؒ نے بارہ راتوں میں بارہ ہزار سطروں کی کتابت فرمادی اور وہ بھی یوں کہ دن میں آپؒ حسبِ معمول کتابت کرتے تھے، پھر رات کو اضافی ایک ہزار سطور لکھ لیتے تھے (بعض تذکرہ نگاروں نے سطروں کے بجائے اشعار کا ذکر بھی کیا ہے)۔ ان دنوں مکہ معظمہ میں قحط ہو گیا، اس زمانے میں آپؒ کسی دوسرے شخص کے پاس جا کر کتابت کرنے لگے، اس سے جو مزدوری حاصل ہوتی، اس سے آپؒ کی اور شیخ علی متقیؒ کی گزر بسر ہوتی تھی۔ اپنے شیخ کی اطاعت اور رضا میں اتنے مگن ہوئے کہ فنافی الشیخ کا درجہ حاصل کیا۔ اپنے شیخ کے لطف و کرم اور فیض کو خوب جذب کیا اور ان کے انوار و برکات سے بہرہ ور ہوئے اور ان کے کمالات کا بہترین مجموعہ بن گئے۔ خود شیخ علی متقیؒ فرمایا کرتے تھے کہ میں نے اللہ کی راہ میں ایک بھائی پایا ہے جو عبدالوہاب ہے اور کہا کرتے تھے کہ "یہ (عبدالوہاب) میرا جز ہی نہیں ہے بلکہ بعینہ میں ہی ہوں۔"[۳۰]

آپؒ نے شیخ کے ہاتھوں پر ۹۲۳ھ میں بیعت کی۔ جب کہ آپؒ کی عمر تقریباً اکیس (۲۱) سال تھی۔ اس کے بعد آپؒ شیخ علی متقیؒ کی وفات تک تقریباً بارہ سال مسلسل ان کی صحبت میں رہے۔ پھر ان کی وفات کے بعد بھی اٹھائیس (۲۸) سال تک مکہ مکرمہ میں قیام پذیر رہے اور ان چالیس سالوں آپؒ کا ایک بھی حج فوت نہیں ہوا۔ آپؒ نے وہیں مکہ مکرمہ میں ہی ساری زندگی درس و تدریس، ارشاد و ہدایت اور ریاضت و مجاہدہ میں گزاری۔ آپؒ مکہ مکرمہ میں ہندوستان کے غریب زائرین کا بہت بڑا سہارا تھے۔ ان کی خوراک، لباس اور مال کے ذریعے مدد فرماتے تھے۔ شیخ کی وفات کے بعد آپؒ ایک مرتبہ عزیزوں سے ملنے گجرات تشریف لائے، مگر حج میں شمولیت کے ارادے سے جلد ہی واپس چلے گئے۔[۳۱]

تقریباً پچاس سال کی عمر میں نکاح فرمایا۔ اولاد میں ایک صاحب زادے محمد عارف اور ایک صاحب زادی تھیں۔[۳۲] یمنی علما و مشائخ اور فقرا کے مطابق شیخ عبدالوہاب متقیؒ اپنے وقت کے "قطب" تھے۔[۳۳] عقیدت مندوں اور شاہان روم و ہند کی جانب سے کئی وظائف یا نذرانے ملتے تھے، جنھیں آپؒ لوگوں کی مدد میں

---

۳۰۔ عبدالحق، زاد، ۱۲۱-۱۲۰۔

۳۱۔ عبدالحق، اخبار، ۲۷۰۔

۳۲۔ عبدالحق، زاد، ۱۲۶۔

۳۳۔ عبدالحق، اخبار، ۲۷۱۔

خرچ فرما دیتے، حالاں کہ جہاں آپؒ رہائش پذیر تھے وہ گھاس پھونس کا بنا ہوا بہت تنگ اور تاریک سا ایسا مکان تھا کہ کسی اور کا وہاں رہنا نہایت دشوار تھا۔ جسمانی ضعف اور مزاج میں نفاست و لطافت کے باوجود آپؒ سالوں اسی بوسیدہ گھر میں رہائش پذیر رہے۔ پھر وفات سے دو تین سال قبل اذنِ خداوندی سے صفا و مروہ کی جانب کوہ ابو قبیس کی نچلی جانب ایک نیا گھر لیا۔ آپؒ غذا بھی نہایت ہی قلیل (محض چکھنے کی حد تک) استعمال فرماتے۔[۳۴] سال میں چار مرتبہ بڑے پیمانے پر محافل منعقد کرواتے اور اس میں کھانے کا بہت اہتمام فرماتے۔ ان محافل میں محفل میلاد النبی ﷺ، ۹ر ربیع الآخر کو حضرت غوث اعظمؒ کا عرس، اپنے شیخ کا عرس اور اپنے والد کا عرس شامل تھا۔[۳۵] طلبہ میں علم کی اہمیت کو اجاگر فرماتے۔ انھیں کبھی بھی تحصیل علم سے نہیں روکتے تھے۔ جب جو آتا اور جو پوچھتا، پوری دل جمعی اور تفصیل سے پڑھاتے۔ آپؒ کا فرمانا تھا کہ: "علم غذا کی مانند ہے جس کی زندگی بھر ہمیشہ ضرورت رہتی ہے"۔[۳۶]

## علمی خدمات

آپؒ نے علاحدہ سے زیادہ کتب تحریر نہیں فرمائیں۔ اگر کچھ لکھا بھی تو اسے ظاہر نہیں فرمایا۔ شیخ محدث دہلویؒ کے مطابق آپؒ نے ابن نجیم حنفی رحمۃ اللہ علیہ (۹۲۶ھ-۹۷۰ھ) کی کتاب **الأشباه والنظائر** شیخ ابو الحسن الشطنوفی رحمۃ اللہ علیہ (۶۴۴ھ-۷۱۳ھ) کی تذکرہ حضرت عبد القادر جیلانیؒ پر مبنی **بهجة الأسرار** کی تصحیح فرما کر انھیں پھر سے عام کیا۔[۳۷] شیخ عبد الحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ اس بارے میں لکھتے ہیں کہ "آپؒ علوم شریعہ کے بہت ماہر تھے۔ آج کے زمانے میں، مَیں ان سے زیادہ عالم کسی کو نہیں جانتا۔ انھیں **قاموس** (لغت) پوری یاد تھی اسی طرح حدیث، فقہ، اور فلسفہ کی کتب بیش تر زبانی یاد تھیں۔ اب زیادہ عمر ہونے کے باعث جب نظر کم زور ہوگئی تو گوشہ نشین ہو گئے مگر اس وقت بھی بہت مفید کتب جو کم یاب اور نایاب ہو گئی ہیں، ان کو منگوا کر ان کی تصحیح کرتے ہیں۔ اصل مسئلہ تلاش کر کے اسے ایسے انداز میں لکھ دیتے ہیں کہ قاری کی پوری تسلی ہو جاتی ہے۔"[۳۸] آپؒ نے

---

۳۴- عبد الحق، زاد، ۱۲۵۔

۳۵- عبد الحق، زاد، ۱۲۶۔

۳۶- عبد الحق، زاد، ۱۴۶۔

۳۷- عبد الحق، زاد، ۱۴۶۔

۳۸- عبد الحق، اخبار، ۲۷۲۔

اپنے شیخ، شیخ علی متقیؒ کے مناقب کو بیان کرنے کے لیے ایک کتاب **إتحاف التقي في فضل شيخ علي المتقي** تالیف فرمائی۔

## ۳- شیخ عبداللہ سندھی مہاجر مدنی رحمۃ اللہ علیہ

شیخ العالم المحدث عبداللہ ابن سعد اللہ المتقی السندھی المدنی رحمۃ اللہ علیہ، سندھ سے تعلق تھا۔ بدربیلہ (مضافات سیوستان) میں پیدا ہوئے مگر مدینہ طیبہ میں پرورش پائی تھی۔ شیخ عبدالعزیز امبھریؒ شارح **مشکوٰۃ** سے تحصیل علوم کی۔[۳۹] برسوں مدینۂ طیبہ میں تدریس اور عبادات میں مشغول رہے، مدینۂ طیبہ کے فقہا صوفیہ سے ہوئے، معاصرین میں حدیث اور تفسیر میں کوئی آپؒ کا ہم پلہ نہ تھا۔[۴۰] سرزمین سندھ میں بھی بڑی قدر اور محبت سے دیکھا جاتا تھا۔ سندھ اور گجرات میں کافی عرصہ قیام پذیر رہے۔ گجرات میں ۹۴۷ھ میں ان سے قاضی عبداللہ ابن ابراہیم سندھی نے آپؒ کی صحبت سے فیض حاصل کیا۔ دونوں حرمین شریفین گئے اور ائمۂ حدیث سے سند حاصل کی۔

برسوں مدینہ طیبہ میں اقامت کے بعد ۹۷۷ھ میں دوبارہ گجرات پہنچے تو احمد آباد میں شیخ علی متقی رحمۃ اللہ علیہ سے ملاقات ہوئی۔ ان سے محبت اور اعتقاد کی نسبت قائم ہوگئی۔ شیخ سے بھی حدیث پڑھی۔ گجرات میں کئی سال علما اور عوام دونوں طبقات کو حدیث پڑھاتے رہے۔ شیخ رحمت اللہ بن قاضی عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ نے بھی آپؒ سے اکتساب علم و فیض کیا تھا۔ اس کے بعد آپؒ پھر مکہ مکرمہ تشریف لے گئے۔ شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں کہ مکہ میں شیخ علی متقی رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں رومی حکام اور سلطان کی جانب سے بہت سی فتوحات اور عطیات آتی تھیں۔ وہ سب شیخ کے نہایت عقیدت مند تھے۔ شیخ نے ان کے ذریعے کئی ناداروں کے لیے وظائف مقرر کروادیے تھے، مگر شیخ عبدالوہاب متقی رحمۃ اللہ علیہ، شیخ عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ اور شیخ رحمت اللہ رحمۃ اللہ علیہ کو آپؒ نے کبھی ان فتوحات سے کچھ نہیں دیا اور نہ ہی کبھی ان تینوں کے لیے حکام سے کوئی وظیفہ مقرر کروایا تھا، کیوں کہ یہ مال شبہ سے خالی نہ تھا۔[۴۱] ذی الحجہ ۹۸۴ھ / فروری ۱۵۷۷ء کو مکہ مکرمہ میں انتقال فرمایا اور وہیں مدفون ہوئے۔[۴۲]

---

۳۹- محدث دہلوی، زاد، (حواشی) ۳۹۹۔

۴۰- متالا، **مشائخ**، ۴۰۱۔

۴۱- محدث دہلوی، **زاد**، ۶۷۔

۴۲- الحسنی، **نزھة**، ۳۷۴۔

## تصانیف

آپ کی تصانیف میں **جمع المناسک و نفع الناسک**(تاریخ تالیف ۹۵۰ھ /۱۴۹۹ء)اور **حاشیة بر عوارف المعارف للسهروردي** شامل ہیں۔[۴۳] اس کے علاوہ اکثر کتب کی تصحیح کیا کرتے تھے۔ **مشکوٰۃ** کا ایک نسخہ بہت عمدہ طریقے سے صحیح کیا اور اسے محشّی کر کے ورق ورق کر دیا۔ یوں بہت سے لوگوں نے اس سے نقل و استفادہ کیا۔ **مشکوٰۃ** کے حواشی میں آپؒ نے حنفی مذہب کا اثبات کر کے اس کے زبردست دلائل رقم کیے تھے، خود فرماتے تھے کہ ''میں نے **مشکوٰۃ** کو حنفی کر دیا ہے''۔[۴۴]

## ۴- شیخ رحمت اللہ سندھی

الشیخ العالم المحدث رحمت اللہ ابن عبد اللہ بن ابراہیم العمری السندھی المہاجر المدنی رحمۃ اللہ علیہ دربیلہ سندھ میں پیدا ہوئے۔ یہیں تربیت پائی۔ والد گرامی کے ساتھ گجرات آئے، یہاں سے حرمین شریفین ہجرت کی۔ قطب مدنی علی بن محمد ابن عراق صاحب **تنزیة الشریعة** اور دوسرے ائمۂ حدیث سے علومِ حدیث کی تحصیل کی۔ آپؒ شیخ عبد اللہ بن سعد اللہ کے ہم راہ ہندوستان واپس آکر گجرات میں مقیم ہوئے۔ یہاں کئی سال تک تدریس میں مشغول رہے۔ بے شمار لوگوں کو علوم دینیہ سکھائے اور سندِ حدیث دی۔ صاحبِ تقویٰ و عزیمت تھے۔ حجاز میں شبہ کے خیال سے کسی کا بھی ہدیہ قبول نہ فرماتے۔ ۲۲ محرم الحرام ۹۹۴ھ /۱۵۸۵ء کو انتقال فرمایا۔[۴۵] شیخ عبد اللہ اور شیخ رحمت اللہ کے بارے میں شیخ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ خواجہ عبد الشہید عبید اللہی رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے لکھتے ہیں کہ طلبہ ان دونوں بزرگوں کو ''شیخین'' کہتے تھے۔ حقیقت میں یہ دونوں حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ اور حضرت

---

۴۳- متالا، **مشائخ**، ۴۰۱۔

۴۴- متالا، **مشائخ**، ۴۰۱۔

۴۵- الحسنی، **نزهة**، ۳۳۹۔

عمر رضی اللہ عنہ شیخین کی یاد دلاتے تھے۔ دونوں علم و عمل اور تقویٰ کا مجموعہ تھے۔ ان جیسے اشخاص آج تک مدینہ طیبہ سے نہیں آئے۔ دونوں ہی شیخ علی متقیؒ کے خصوصی دوست اور خلیفہ تھے۔[۴۶]

## تصانیف

آپؒ نے مناسکِ حج کے متعلق اہم کتب لکھیں:

۱- **کتاب المناسک الکبیر**، یہ آپؒ کی عظیم تصنیف ہے۔

۲- **کتاب المناسک**(المنسک الصغیر )۔

۳- **تلخیص تنزیة الشریعة**۔[۴۷]

۴- **غاية التحقيق، ونهاية التدقيق، في مسائل ابتلي بها أهل الحرمين الشريفين**۔[۴۸]

## ردِ بدعات و منکرات میں ان بزرگوں کا کردار

شیخ علی متقی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے قابل تلامذہ کی تربیت شریعت اسلامی کے مطابق فرمائی۔ اس کے ساتھ انھوں نے عملی طور پر معاشرے میں رائج بدعات اور منکرات کے خلاف کام کر کے انھیں بتایا کہ ایک مسلمان کا اپنے معاشرے میں رہتے ہوئے کیا کردار ہونا چاہیے۔ ان باتوں کا زیادہ تر علم شیخ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ [۴۹] کی تحریروں اور ان کی زندگی میں سامنے آتا ہے۔ ان بزرگ ہستیوں نے ردِ بدعات و منکرات کے سلسلے میں جو کاوشیں کیں، ان کا کچھ تذکرہ ذیل میں کیا جارہا ہے۔

---

۴۶- عبدالحق، **اخبار**، ۲۸۰۔

۴۷- محدث دہلوی، **زاد**، ۲۸۳۔

۴۸- نجم الدین غزی، **الكواكب السائرة بأعيان المئة العاشرة** (بیروت:دار الکتب العلمیہ، ۱۴۱۸ھ)۳: ۱۳۶۔

۴۹- شیخ ابو امجد عبدالحق محدث دہلوی(م ۹۵۲ھ ) شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ چوں کہ براہ راست شیخ علی متقیؒ کے تلامذہ میں شمار نہیں ہوتے تھے، اس لیے اس مختصر مقالے میں ان کا تعارف شامل نہیں کیا گیا۔ دسویں صدی ہجری کے مایہ ناز عالم دین تھے۔ ہندوستان میں علم حدیث و سیرت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کی ترویج و اشاعت میں انھوں نے بے مثال کردار ادا کیا۔ ان کے ذریعے ہمیں شیخ علی متقیؒ اور شیخ عبدالوہاب متقی رحمۃ اللہ علیہ کے ساتھ **اخبار الاخیار** کے ذریعے ہندوستان کے سینکڑوں بزرگان دین کے بارے میں علم ہوتا ہے۔ دیکھیے: عبدالحق، **اخبار**؛ **زاد المتقین**۔

## درس وتدریس اور تصانیف پر بھرپور توجہ

شیخ علی متقی رحمۃ اللہ علیہ اور ان کے فاضل تلامذہ نے اپنے ظاہری علم و فضل اور باطنی فیوضات کو خوب تقسیم فرمایا۔ اس کے لیے انھوں نے نہ صرف بالمشافہہ اپنے زمانے کے لوگوں کو فیض یاب کیا اور ہندوستان اور حرمین شریفین ہر دو جگہ درس و تدریس کو بہت اہمیت دی، اس کے ساتھ ساتھ ان سب نے ہی اہم موضوعات پر کثیر تعداد میں بے حد اہم کتب تحریر فرما کر مسلمانان عالم پر احسان فرمایا۔ خصوصاً یہ سب بزرگ حدیث مبارکہ کی جمع و ترتیب، ان کی تشریح اور اس کے متعلقہ ضروری مضامین کو احاطۂ تحریر میں لے کر آئے اور حدیث مبارکہ کی خوب خدمت کی۔ یہاں تک کہ شیخ علی متقی رحمۃ اللہ علیہ کے **کنز العمال** کے لکھنے پر حضرت ابو الحسن البکری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "إن للسيوطي منة على العالمين وللمتقي منة عليه."[۵۰] (**جمع الجوامع** لکھنے کی صورت میں) علامہ سیوطی کا احسان تمام عالم اسلام پر ہے اور (اسے **کنز العمّال** کی شکل میں ترتیب دینے پر) شیخ متقی رحمۃ اللہ علیہ کا احسان علامہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ پر ہے۔)

ان بزرگ ہستیوں کی یہ اہم تحریریں آج بھی عالم اسلام کے لیے مشعل راہ ہیں۔ انھوں نے معاشرے میں رائج بدعات اور منکرات کو ختم کرنے، درست اور صحیح اسلامی تعلیمات بہم پہنچانے میں جو عملی اور علمی کوششیں کیں ذیل میں ان کا اجمالی تذکرہ کیا جا رہا ہے۔

## تصوف وسلوک میں جاری افراط و تفریط کی اصلاح

شیخ علی متقی رحمۃ اللہ علیہ تصوف میں ممتاز ہونے کے باوجود اس زمانے میں ہونے والی بے اعتدالیوں سے محفوظ تھے، بلکہ انھوں نے اپنے زمانے میں ہونے والی افراط و تفریط کی اصلاح بھی فرمائی، لیکن اس کے بارے میں ان کا رویہ متشددانہ یا تعصب پر مبنی نہیں ہوتا تھا۔ ان کے اس منہج تربیت کے بارے میں ان کے جانشین شیخ عبد الوہاب متقی رحمۃ اللہ علیہ نے بڑی وضاحت سے بیان فرمایا ہے:

جو کچھ سنا جائے خواہ وہ امر باطل ہی کیوں نہ ہو اس کا فوراً انکار نہیں کرنا چاہیے، نہ ہی اس پر تعصب سے پیش آنا چاہیے۔ پہلے خود (ذاتی طور پر تسلی سے) سنیں کہ کہا کیا جا رہا ہے۔ اسے سمجھیں، غور کریں، یہ دیکھیں یہ قائل کا مقصد کیا ہے؟ اس بات سے اس کی مراد کیا ہے؟ پھر اگر کر سکیں تو اس بات کی حق کے ساتھ مطابقت و موافقت کر کے

---

۵۰۔ دیکھیے: عبد الحق، اخبار، ۲۵۷۔

دیکھیں۔اگر حق کے ساتھ موافقت کی کوئی صورت نہ بن پائے تو ظاہر شریعت کے حکم کے مطابق اسے رد کر دیں اور پھر اسے خلاف حق جانیں۔(۵۱)

خود شیخ علی متقی رحمۃ اللہ علیہ بہت کم گو تھے۔ جلد کوئی بھی بات نہ کرتے ، بہت ہی ضروری اور مختصر بات فرماتے۔ شیخ محدث دہلویؒ کے مطابق حقائق و معرفت کی کتب میں اسرار و رموز توحید وغیرہ کے متعلق جو کلمات خلاف شرع پائے جاتے یا صوفیہ کی رسوم و عادات کے متعلق جو باتیں کتب میں مذکور ہوں،( بزرگوں سے حسن ظن کی بنا پر) آپؒ کا پسندیدہ طریقہ سکوت و تسلیم تھا۔(۵۲) مگر جب بات شریعت مبارکہ کی آجائے، خصوصاً جب عقائد اسلامیہ کی صریحاً مخالفت ہو رہی ہو تو پھر آپؒ اس کے خلاف بہت سختی سے قائم ہو جاتے۔ شریعت مبارکہ کے خلاف رائج کوئی بدعت دیکھتے ،(تحریر یا کوئی دعویٰ)تو آپؒ اس پر اعتراض کرتے، علمی طور پر اس کا رد فرماتے اور پھر اس کی حقیقت کے بارے میں ٹھوس دلائل کے ساتھ تحریر لکھ دیتے۔ اس کی ایک مثال شیخ غوث محمد گوالیاریؒ (م۹۷۰ھ /۱۵۶۲ء) کی بعض مسائل میں آپؒ کی مخالفت ہے۔ آپؒ کو شیخ گوالیاری رحمۃ اللہ علیہ کے **رسالہ معراجیہ**(جس میں شیخ گوالیاریؒ نے اپنی معراج کا ذکر کیا تھا) اور کچھ دوسری تحریروں پر اعتراض تھا۔ آپؒ نے مضبوط دلائل کے ساتھ ان کی مخالفت کی اور اس کے رد میں ایک رسالہ لکھا اور اس مسئلے پر آگاہی دی۔(۵۳)

## عقائد میں پختگی پر زور

شیخ عبدالوہاب متقی رحمۃ اللہ علیہ اپنے طلبہ کی بہترین تربیت فرماتے۔ جب انھیں پڑھاتے تو بہت شوق اور جذبے سے باریک باتیں بھی تفصیل سے بیان کرتے۔ ان کی اپنے طلبہ کو بنیادی تعلیم یہ تھی کہ پہلے ظاہراًاور باطناً اپنے عقائد کو اہل سنت و جماعت کے مطابق درست کر لیں۔ پھر اس کے بعد ہی صوفیہ اور محققین علما نے جو لکھا یا فرمایا اس کا مطالعہ کریں۔اس میں جہاں تک ممکن ہو انھیں شریعت کے ساتھ تطبیق دیں، جو مشکل اور مشتبہ باتیں ہوں ان سے صرف نظر کریں، خلجان اور شبہ میں مبتلا نہ ہوں۔ دینی عقیدے کی پختگی کے ساتھ معرفت حاصل کریں تاکہ آپ کو بزرگوں کی ان کتب سے عقیدہ و عمل کی درستی کرنے کی نوبت نہ آئے(جن میں کسی طرح

---

۵۱۔ عبدالحق، **زاد**،۱۲۹۔

۵۲۔ نفسِ مصدر، ۶۲۔

۵۳۔ اصلاحی، **تذکرۃ**، ۲: ۳۵۲۔

اختلاف کیا گیا ہے)۔ اصل عقیدے میں خلل نہ ڈالیں۔ مبہم باتوں کو یقینی بات کے معارض قرار نہ دیں۔ نہ ہی محکم باتوں کو متشابہ امر کے تابع کریں۔ اس طرح کوئی (متنازعہ کتب کا) مطالعہ بھی خرابی پیدا نہیں کرے گا۔[۵۴]

## حصول معرفت میں طالب کی راہ نمائی

شیخ عبد الوہاب متقی رحمۃ اللہ علیہ سے پوچھا گیا کہ طالب علم حصولِ معرفت میں کیا کرے؟ فرمایا کہ وہ پہلے اپنے شیخ کی تقلید کرے، اس کا کہا مانے اور اپنے عمل میں یقین پیدا کرے۔ اس سے اس کی ریاضت و عمل میں اخلاص پیدا ہو گا جو اصل میں فائدہ مند ہے۔[۵۵] صوفیہ کی شطحیات اور مبہم باتوں کے بارے میں شیخ عبد الوہاب متقیؒ رائے نہیں دیتے تھے۔ ان بزرگوں کو عزت و احترام سے یاد کرتے تھے، مگر ان کی کتب مثل **فصوص الحکم** اور **انسان کامل** وغیرہ کی نہ تردید کرتے نہ ہی ان کتب میں اپنے طلبہ کا انہماک پسند کرتے، خود بھی ان کتب کا درس دینا پسند نہیں فرماتے تھے۔ فرماتے تھے کہ ان امور میں سکوت ہی زیادہ محتاط راستہ ہے۔[۵۶] فرماتے کہ کسی کا کلام جب تک صریحاً خلاف شرع نہ ہو، اسے نہ چھیڑو۔ فرماتے کہ راہ سلوک و معرفت میں یہ شرط نہیں ہے کہ توحید وجودی کا اس طرح یقین کریں جس طرح **فصوص الحکم** جیسی کتب میں ذکر آیا ہے، کہ یہ راہ پہلے سے چلی آ رہی ہے۔ سلوک میں اہل سنت و جماعت کے اعتقاد کے مطابق عمل اور اس میں مداومت اور ریاضت (ہی لازمی) شرط ہے۔[۵۷]

## گجرات میں بدعات و منکرات کے خلاف جہاد

شیخ محمد بن طاہر پٹنی رحمۃ اللہ علیہ ایسے صاحبان عزیمت میں سے تھے کہ جنھوں نے اپنی قوم اور علاقے کی اصلاح کے لیے کوئی دقیقہ فروگزاشت نہ کیا۔ حتیٰ کہ اس کے لیے اپنی جان بھی خطرے میں ڈالے رکھی اور بالآخر اسی کوشش میں شہادت کے رتبے پر فائز ہوئے۔ مکہ مکرمہ سے گجرات واپسی پر آپؒ یہاں تدریسی اور تصنیفی سرگرمیوں میں مشغول ہوئے۔ مگر جب آپؒ نے دیکھا کہ ہر جانب بدعات پھیل رہی ہیں، خصوصاً ان کی بوہرہ قوم کے اہل سنت افراد میں بھی غلط رسم و رواج اور خلاف سنت امور جڑ پکڑتے جا رہے ہیں، بوہرہ قوم میں شیعیت کی

---

۵۴- عبد الحق، زاد، ۱۲۹۔

۵۵- عبد الحق، زاد، ۱۲۹۔

۵۶- عبد الحق، زاد، ۱۲۸۔

۵۷- عبد الحق، زاد، ۱۳۵۔

طرف رجحان دوبارہ سے بڑھ رہا ہے، تو انھوں نے اس کے خلاف پوری کوشش سے جد وجہد فرمائی۔ وعظ وبیان اور تقریر وتحریر سبھی طریقوں سے قوم کی اصلاح فرمائی۔ عقلی ونقلی ہر قسم کے دلائل سے عقائد حقہ کا اثبات کیا اور عقائد باطلہ کا رد فرمایا۔ اس بات کو شیخ محدث رحمۃ اللہ علیہ نے **أخبار الأخیار** میں یوں ذکر کیا ہے، لکھتے ہیں: وبعضی بدعتہا کہ در آنقوم شائع بود ازالہ کردہ میان اہل سنت وبدعت این قوم وتمیز وتعریف نمود۔۔۔ واہل بدع کہ درآن دیار بودند تقصیر ہم آن جماعت بشہادت رسید۔ (۵۸)(انھوں نے) بوہرہ قوم میں مروج بعض بدعتوں کی اصلاح کی اور اس قوم کے اہل سنت اوراہل بدعت کے درمیان تفریق و امتیاز پیدا کر دیا۔۔۔۔ انھوں نے ازالۂ بدعات اور اہل علاقہ کے اہل بدعت کی سرکوبی میں کوئی دقیقہ باقی نہ رکھا۔ بالآخر انھیں مبتدعین کے ہاتھوں ان کی شہادت واقع ہوگئی)

بوہرہ میں علمائے اہل سنت کی وجہ سے اہل سنت کی تعداد اہل تشیع سے زیادہ ہوگئی تھی، مگر ابھی ان کے خاندانی تعلقات بحال تھے اور سب بوہرہ معاشرتی طور پر یک جا تھے۔ پرانے خاندانی رسوم و رواج بھی یکساں تھے۔ باہم شادیوں کا سلسلہ جاری تھا۔ اس کے نقصانات میں ایک تو یہ تھا کہ اسماعیلی بوہروں کے مراسم کا اثر سنی بوہروں پر پڑتا رہتا تھا، مگر قرابت داری اس کے خلاف بولنے کی اجازت نہ دیتی تھی اور دوسرے مسئلہ وراثت تھا جس میں اکثر تنازعہ رہتا تھا۔ اس پر شیخ محمد بن طاہر پٹنی نے کمر ہمت باندھی اور اپنی قوم سے وہ تمام مراسم جو عقیدۂ سنیّت کے خلاف تھے، انھیں ختم کرنے کے لیے زبانی اور تحریری طور پر شرعی نقطۂ نظر پیش کیا اور مسلسل کاوشوں کے ذریعے اہل سنت کی اسماعیلی جماعت سے تفریق کروادی۔ (۵۹) اب جو بوہرہ اہل سنت سے تھے وہ صرف سنیوں سے ہی عقد وموالات کرنے لگے۔

## مہدوی تحریک اور اس کی اصلاح

مہدوی تحریک کا آغاز سلیم شاہ سوری (۹۵۲ھ-۹۶۰ھ / ۱۵۴۵ء-۱۵۵۲ء) کے عہد میں ہوا۔ تحریک کے بانی جون پور کی ایک جامعہ کے مدرس سید محمد (۸۴۶ھ-۹۱۰ھ / ۱۴۴۳ء-۱۵۰۴ء) تھے۔ (۶۰) وہ فطری طور پر

---

۵۸- عبدالحق، اخبار، ۲۸۰۔

۵۹- علی محمد خان، **تاریخ اولیائے گجرات، (مراۃ احمدی)**، مترجم: ابوظفر ندوی (احمد آباد: پانچ پٹی، س ن)، ۱۳۷۔

۶۰- سید محمد بن یوسف خال جون پوری (۸۴۶ھ-۹۱۰ھ / ۱۴۴۳ء-۱۵۰۴ء) نہایت ذہین، قابل اور اعلیٰ علمی استعداد کے حامل تھے۔ کم عمری میں ہی تدریس اختیار کی۔ بڑے بڑے علمانے ان کی قابلیت اور تقویٰ کو سراہا۔ مگر اس تعریف کو وہ ہضم نہیں

اعلیٰ استعداد کے حامل، اپنے زمانے کے حالات سے بے چین، بے محابا امر بالمعروف و نہی عن المنکر اور منکرات شرعی پر سختی سے زجر و توبیخ کرنے والے تھے۔ اس وجہ سے ان کے مرشد شیخ دانیال چشتی جون پوری اور جون پور کے دیگر علمانے انھیں جوانی میں ہی " اسدالعلماء" کا خطاب دیا ہوا تھا۔ شیخ علی متقیؒ نے بھی تسلیم کیا کہ سید محمد جون پوری کا ابتدائی دور بہت زہد و تقویٰ سے گزرا تھا۔ پھر انھوں نے اپنے زعم میں مہدی موعود کی حیثیت سے اسلام کے عروج کو بحال کرنے کے لیے کوشش کا آغاز کیا۔(۶۱) ان کی شخصیت اور دعوت کے نتیجے میں ایک بڑا گروہ ان کے حلقۂ ارادت میں داخل ہو چکا تھا۔ خصوصاً سندھ اور قندھار میں ان کے افکار نے بہت قبولیت حاصل کی۔ حاکم قندھار شاہ بیگ کا میلان بھی اسی جانب ہو گیا تھا۔(۶۲)

انھوں نے ۹۰۰ھ-۱۴۹۵ء کو حج کیا اور وہاں پہلی بار اپنے مہدی موعود ہونے کا دعویٰ کیا۔(۶۳) ان کے "مہدی موعود" ہونے کے دعوے کی وجہ سے ایک ہلچل برپا ہو گئی۔ اگر مہدی ہونے سے مراد وہ خود کو ایک ہادی، راہ بریا رہ نما کی حد تک ہی رکھتے تو کوئی دقت پیش نہ آتی، مگر انھوں نے اس لفظ سے وہ مہدی موعود مراد لیے جن کی وجہ سے عظمت اسلام بحال ہونی ہے، جو اسلام کو تمام دنیا کا مذہب بنائیں گے۔ اس لئے علمانے نہ صرف اس دعوے کو مسترد کیا بلکہ ان کے مخالف ہو گئے۔(۶۴) راسخ الاعتقاد حلقے نے انھیں زبردست تنقید کا نشانہ بنایا اور مہدی موعود ہونے کے اس دعوے کو بدعت اور اعتقادی انحراف سے تعبیر کیا۔

شروع میں مہدی تحریک اس عہد میں پھیلتے ہوئے کفر و الحاد اور افکار کا رد عمل تھی اور اس کا بنیادی مقصد دعوت و تبلیغ حق، احیاے شریعت اور قیام فرائض تھا۔ وقت گزرنے کے ساتھ اس کے عقائد میں نت نئی باتیں اور انتہائی غلو کے اعتقاد شامل ہو گئے۔ خصوصاً گجرات میں اس جماعت کا اعتقادی غلو بہت شدید تھا۔ منکرین"

---

کر پائے اور غلط فہمی کا شکار ہو کر خود کو مہدی آخر الزمان کے طور پر متعارف کروانے لگے۔ جس پر علمائے حق نے شدید مخالفت کی۔ اس پر جونپور سے گجرات آ گئے مگر وہاں بھی مسلسل مخالفت کی وجہ سے عرب کا رخ کیا۔ وہاں سے ایران پہنچے ، شاہ اسماعیل صفوی نے ان کی مقبولیت کو دیکھتے ہوئے ایران چھوڑ دینے کا حکم دیا۔ وہاں سے ہندوستان واپسی پر باسٹھ سال کی عمر میں "فراہ" کے مقام پر وفات پائی۔ شیخ محمد اکرام، **رودِ کوثر** (لاہور: ادارہ ثقافت اسلامیہ، ۲۰۱۵ء)، ۲۶-۲۵۔

۶۱- اشتیاق حسین قریشی، **برصغیر پاک و ہند کی ملتِ اسلامیہ**، مترجم: ہلال احمد (کراچی: شعبہ تصنیف و تالیف جامعہ، ۱۹۷۷ء)، ۱۲۹۔

۶۳- ندوی، **تاریخ**، ۴: ۵۴-۵۳۔

۶۲- اکرام، رود، ۲۶۔

۶۴- اشتیاق حسین قریشی، **علما میدان سیاست میں**، مترجم: ہلال احمد (کراچی: جامعہ کراچی، ۱۹۹۴ء)، ۷۰-۱۴۳۔

مہدی" کو کفار میں شمار کر کے انھیں قتل کیا جانے لگا، جس سے امنِ عامہ میں نقص اور معاشرے میں فساد برپا ہو گیا۔ مہدی جون پوری کے دعاوی اور ان کے غالی معتقدین کے تشدد سے لوگوں کے عقائد میں مزید انتشار پیدا ہوا اوراس کے نتیجے میں اضطراب میں بھی شدت آتی گئی۔ علمائے راسخین کے لیے یہ صورت حال بہت پریشان کن تھی۔ شیخ علی متقی رحمۃ اللہ علیہ اور شیخ محمد بن طاہر پٹنی رحمۃ اللہ علیہ نے اس تحریک کی بھرپور تردید کی اور اصلاح کا بیڑا اٹھایا۔

شیخ علی متقی رحمۃ اللہ علیہ نے اس مسئلے پر دو مبسوط اور مدلل رسائل **رسالة في إبطال دعویٰ السيد محمد بن يوسف الجونبوري** اور **البرهان في علامات المهدي آخر الزمان** لکھے۔ ان میں ظہور مہدی کی نشانیوں کی تفصیلات اور علمائے عرب کے فتاویٰ کو درج کیا اور مہدی جون پوری کے دعاویٰ کی بھرپور تردید فرمائی۔ اکبر نے ۹۸۰ھ / ۱۵۷۲ء میں فتح گجرات کے موقع پر میرزا عزیز کوکہ (۱۵۴۲ء-۱۶۲۴ء) کو اس تحریک کی بیخ کنی پر مامور کیا۔ جس کی وجہ سے گجرات میں مہدوی تحریک کے اثرات بہت کم رہ گئے۔ اس بارے میں شیخ محمد اکرام لکھتے ہیں:

> شروع میں مہدویت کی تحریک گجرات، خاندیش اور احمد نگر میں زوروں پر تھی، بڑے قابل اور مخلص لوگ اس میں شامل ہو چکے تھے۔ لیکن شیخ علی متقیؒ کی علمی مخالفت اور مخدوم الملک کی سیاسی کوششوں نے اسے شمالی ہند میں پھلنے پھولنے نہیں دیا۔(۶۵)

شیخ علی متقی رحمۃ اللہ علیہ کے خلیفہ اور جانشین شیخ عبدالوہاب متقیؒ نے بھی ردِ مہدیت کے کام کو نہ صرف جاری رکھا بلکہ اسے وسعت دی۔ انھی کی تعلیمات اور اثرات سے شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ جیسے ممتاز عالم دین اور بزرگ ہستی نے ہندوستان واپس آکر علمی، تحقیقی اور جہادی بہت کام کیا۔ انھوں نے مہدیوں کی گم راہی کو بڑے واضح طور پر بیان فرمایا۔ اس بارے میں شیخ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں کہ جب شیخ عبدالوہاب رحمۃ اللہ علیہ سے مہدیوں اور شیعہ کے بارے میں دریافت کیا گیا کہ دونوں میں کون زیادہ گم راہ اور برے ہیں تو فرمایا کہ:

> شیعہ کے پاس دلائل اور شبہات ہیں، جن میں غلطی ہو جانے کی بنا پر انھوں نے غلط رستہ اختیار کیا، لیکن مہدیوں کے پاس کوئی دلیل و شبہ ہی نہیں ہے کہ جس سے وہ استدلال کرتے ہوں۔ انھوں نے (تو) محض جہل، تعصب اور گم راہی کی بنیاد پر اپنا ایک عقیدہ تراش لیا ہے جس کی وہ پیروی کر رہے ہیں۔(۶۶)

---

۶۵- اکرام، رود، ۳۵۴۔

۶۶- عبدالحق، زاد، ۱۷۶۔

مہدوی تحریک گجرات بلکہ ہندوستان بھر سے ختم کرنے کے لیے شیخ محمد بن طاہر پٹنی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے شیخ کی اتباع میں بے مثال جد وجہد فرمائی۔ سلطان گجرات سلطان محمود کی وفات کے بعد دو امیر شیر خان اور موسیٰ خان فولادی پٹن پر خود مختار حاکم بن بیٹھے۔ یہ دونوں ہی مہدوی تھے، انھوں نے اہل سنت پر بہت سختیاں کیں اور نقصان پہنچایا۔ ان کو اس ظلم وجور سے باز رہنے کے لیے شیخ محمد بن طاہر رحمۃ اللہ علیہ نے **نصیحۃ الولاۃ والرعاۃ والرعیۃ** اور **تحفۃ الولاۃ و نصیحۃ الرعیۃ والرعاۃ** نامی دو عدد رسائل تحریر فرمائے۔ ثانی الذکر کے مقدمے میں خود ذکر فرمایا کہ میں نے چاہا کہ اولوالامر و قُضات کی خیر خواہی اور انھیں نصیحت کے لیے کچھ احادیث، ماضی کے فضلا کے کچھ اقوال اور علم و فراست پر مبنی چند لطائف لکھے جائیں تا کہ یہ امور حکومت کی بجا آوری، مناصب کی تفویض کے لیے ایک ناصح اور وزیر کی مانند کام دیں اور اس سے تمام ارباب نظم ونسق کو فائدہ ہو۔(۶۷)

مہدی فرقہ کو ماننے والے شیخ پٹنی رحمۃ اللہ علیہ سے (ان کی مسلسل جد وجہد اور کوششوں کی بنا پر) بڑی نفرت کرتے تھے۔ وہ ہمیشہ اہلِ سنت خصوصاً شیخ پٹنی رحمۃ اللہ علیہ کے درپے آزار رہتے تھے۔ موسیٰ خان اور شیر خان دونوں طالب علم بن کر آپؒ کے مدرسے آنے لگے تا کہ جب بھی انھیں موقع ملے تو آپؒ کو قتل کر دیں۔ ایک دن چھت پر آپؒ کو تنہا پا کر حملہ کر دیا، ان کا وار اوچھا پڑا، آپؒ کا کندھا زخمی ہوا مگر جان بچ گئی۔ اس کا ذکر آپؒ نے **مجمع البحار** میں بھی کیا ہے۔ آپؒ لکھتے ہیں "زخم پر جراح نے سولہ ٹانکے لگائے (مگر اتنا بڑا زخم) تقریباً تین ہفتے تک ٹھیک ہو گیا۔" اس کے بعد آپ نے ارباب ریاست کے ذریعے ان کی ریشہ دوانیوں کو ختم کرنے کے خیال سے احمد آباد (دارالحکومت گجرات) جا کر متعدد امرا، وزرا، اور اراکین حکومت کے ساتھ ملاقاتیں کیں اور انھیں مہدیوں کے ظلم وجور اور فتنے کے بارے میں آگاہ کیا۔ اس وقت گجرات میں خانہ جنگی ہو رہی تھی، سب امرا کو اپنی پڑی تھی۔ کسی کے پاس اسلامی تعلیمات کی خرابی کی اصلاح کی جانب توجہ کرنے کی فرصت نہ تھی، اس لیے کسی نے بھی آپؒ کی مخلصانہ باتوں کو سنجیدگی سے نہیں سنا۔ آپؒ مایوس ہو کر واپس پٹن لوٹے اور اس فتنے کے سد باب کے لیے ذاتی طور پر کوشش میں مصروف رہے۔

۹۷۹ھ-۹۸۰ھ میں اس فتنہ کے اثرات سے تنگ آکر سر سے اپنی دستار اتار پھینکی کہ جب مجھے عوام و خواص عالم تسلیم نہیں کرتے، نائب رسول صلی اللہ علیہ وسلم نہیں مانتے تو اس دستارِ فضیلت کے کوئی معنی نہیں۔ اکبر نے انھی دنوں پٹن پر قبضہ کیا تھا۔ وہ پٹن آیا اور آپؒ سے ملاقات کی۔ اس نے اپنے ہاتھوں سے دوبارہ دستار آپؒ کے سر پر

---

۶۷- اصلاحی، **تذکرۃ**، ۲: ۴۰۵۔

باندھی۔ آپؒ کو شیخ الاسلام کے عہدے پر فائز کیا اور کہا کہ آئندہ سے شرعی معاملات آپؒ کے مشورے سے ہی ہوں گے۔ آپؒ اپنا دینی و علمی کام جاری رکھیں۔ ان فتنہ پردازوں (مہدیوں) کو حکومت دیکھ لے گی۔ اس نے خان اعظم مرزا عزیز کوکہ (۱۵۴۲ء-۱۶۲۴ء) کو وہاں کا حاکم مقرر کیا۔ وہ سنی العقیدہ امیر تھا، مہدیوں کی شوریدہ سری کو سختی سے دبایایوں اس کے زمانے میں مہدیوں کا زور ٹوٹ گیا اور پٹن پُرامن ہو گیا۔ پھر کچھ عرصہ بعد عبدالرحیم خان خاناں (۱۵۵۶ء-۱۶۲۶ء) پٹن کا حاکم بن کر آیا، کہا جاتا ہے کہ وہ اہل تشیع سے تھا، نوجوان تھا، دوسرے اسے کئی سیاسی معاملات درپیش تھے۔ اس نے مہدیوں کے سلسلے میں توجہ نہ دی۔ جس وجہ سے انھوں نے پھر سے سر اٹھا لیا اور فساد برپا کرنے لگے۔ آپؒ نے دوبارہ کوشش کی کہ گجرات کے حکام کی توجہ اس جانب مبذول کروائیں مگر کامیاب نہ ہو پائے۔ اس پر دل گرفتہ ہو کر آپؒ نے پھر دستار سر سے اتار دی۔ ارادہ کیا کہ اب آگرہ جائیں اور یہاں کے مہدیوں کا مسئلہ بادشاہ اکبر کو بتائیں۔ ۹۸۶ھ میں انھوں نے سفر کا آغاز فرمایا۔ مہدیوں کو جب اس کا علم ہوا تو انھوں نے پیچھا کیا۔ مالوہ پہنچ کر قیام کیا۔ چھ شوال تہجد کے وقت مفسدین نے حملہ کر کے آپؒ کو شہید کر دیا۔ اس وقت آپ کی عمر بہتر (۷۲) سال تھی۔ آپؒ کو سارنگ پور میں لایا گیا، کئی مرتبہ نماز جنازہ ادا کی گئی۔ پہلے وہیں تدفین کی گئی تھی۔ مگر جب اکبر کو علم ہوا تو اس کے حکم پر جسد مبارک پٹن لا کر وہاں تدفین کی گئی۔[۶۸]

## اکبر کی اصلاح کی کوشش

شیخ محمد بن طاہر پٹنی رحمۃ اللہ علیہ نے جب آگرہ کی جانب سفر کا ارادہ فرمایا تو مہدیّت کی سرکوبی اور ازالۂ بدعات کے علاوہ یہ بھی کہا جاتا ہے کہ جب انھیں اکبر کی گم راہی اور دین سے دوری کا علم ہوا تو اس کی اصلاح کی نیت سے بھی انھوں نے یہ رختِ سفر باندھا تھا۔ آپؒ کو معلوم ہوا تھا کہ اس خرابی اور بگاڑ میں ابوالفضل، مبارک اور فیضی کا ہاتھ ہے۔ اسی لیے آپؒ کی شہادت کے بارے ایک روایت یہ بھی بیان کی جاتی ہے کہ جب ابوالفضل اور اس کے گروہ کو معلوم ہوا کہ علامہ محمد بن طاہر رحمۃ اللہ علیہ ہمارے گروہ کو کم زور و منتشر کرنے اور اکبر کو اس کی پرانی دین داری کی جانب لانے کے ارادے سے آ رہے ہیں، تو وہ سب بہت گھبرائے۔ چوں کہ ان سب کو شیخ طاہر پٹنی رحمۃ اللہ علیہ کے غیر معمولی فضل و کمال کا اندازہ تھا، وہ جانتے تھے کہ شیخ بحث و مناظرہ میں انھیں باآسانی شکست دے دیں گے، اس لیے انھوں نے کچھ لوگوں کو مقرر کیا تاکہ شیخ کو آگرہ پہنچنے سے قبل ہی قتل کر دیا جائے۔ اس لیے تذکرہ نگار یہ رائے بھی ظاہر کرتے ہیں کہ ہو سکتا ہے کہ انھوں نے مہدیوں کو ہی اس بارے میں آگے کر دیا ہو؛ کیوں کہ

---

۶۸- عبدالوہاب، تذکرہ، ۷۶-۷۰۔

ابوالفضل کے باپ مبارک کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ وہ بھی مہدوی تھا اور عرصہ دراز تک احمد آباد بھی رہ چکا تھا ۔اس لیے بعید نہیں کہ اس نے ہی مہدیوں سے ساز باز کر کے شیخؒ کو شہید کروایا ہو۔(۶۹)

## مناسک حج کے بارے میں اصلاح

شیخ علی متقیؒ کے دو مریدین اور شاگردوں شیخ رحمت اللہ سندھیؒ اور شیخ عبداللہ سندھیؒ نے مناسک حج کی درست تعلیم دینے کے لیے اس موضوع پر کتب تحریر فرمائیں۔ اس بارے میں جو خلاف شریعت باتیں رواج پا رہی تھیں ان کی اصلاح کے لیے قرآن و سنت کی درست تعلیمات کی روشنی میں جامع کتب تحریر فرمائیں۔ شیخ رحمت اللہ سندھی رحمۃ اللہ علیہ نے **كتاب المناسک** "مناسک (کبیر)" لکھی ۔ اس کی اہمیت کے پیش نظر ۱۰۱۲ھ میں جلیل القدر عالم حضرت ملا علی قاری ہرویؒ نے اس کی شرح **المسلک المقتسط في المنسک المتوسط** کے نام سے کی۔ پھر شیخ رحمت اللہ سندھی رحمۃ اللہ علیہ نے کتاب **المناسک (الصغیر)** تحریر فرمائی۔ حضرت ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ نے پہلے ۱۰۱۰ھ میں اس کی شرح بھی **هداية السالك في نهاية المسالك** کے نام سے لکھی تھی۔(۷۰) **كتاب المناسک** کبیر کے بارے میں شیخ محدث دہلویؒ **زاد المتقین** میں لکھتے ہیں کہ در حقیقت یہ کتاب اس موضوع پر لکھے گئے سب رسائل سے جامع تھی۔ جب انھوں نے یہ کتاب تحریر فرمائی تو اس کی اہمیت کے پیش نظر شیخ علی متقی رحمۃ اللہ علیہ نے اسے چھپا لیا۔ مصنف کو تاکید فرمائی کہ اس کتاب کے بارے میں کسی سے بھی ذکر نہ کریں۔ جو عالم شیخ متقی رحمۃ اللہ علیہ کے پاس آتے آپ فرداً فرداً ان سے اس کتاب کا ذکر فرماتے، اس کے خصائص اور جامعیت کا بیان کرتے۔ پھر جب کافی علما کو اس کتاب کے بارے میں معلوم ہو گیا تو وہ اس کی نقل کرنے اور استفادہ کرنے میں رغبت کرنے لگے۔ پھر اس کے بعد سب کو بتایا کہ یہ تصنیف شیخ رحمت اللہؒ کی ہے۔ اب کسی اہل علم کو اس کے انکار کی ہمت نہ ہوئی۔(۷۱) یوں یہ کتاب اپنے اصل مصنف کے نام کے ساتھ معروف ہوئی۔

---

۶۹۔ عبدالوہاب، نفسِ مرجع، ۷۶۔

۷۰۔ الحسنی، **نزهة**، ۳۳۹۔

۷۱۔ عبدالحق، **زاد**، ۷۱۔

## خلاصۂ بحث

شیخ علی متقیؒ، ان کے مریدین اور شاگردوں (رحمۃ اللہ علیہم) نے دسویں صدی ہجری میں حقیقی اسلامی تعلیمات کو اجاگر کرنے اور ان کو عام کرنے میں بہت اہم کردار ادا کیا۔ان کی زندگیاں اوران کی تعلیمات آج بھی مسلمانوں کے لیے مشعل راہ ہیں۔ خصوصاً آج کے دور میں جہاں الیکٹرانک میڈیا، پرنٹ میڈیا اور سوشل میڈیا پر ہر قسم کی معلومات کی بھرمار ہے، جن میں صحیح و غلط کی تمیز مشکل و محال ہے۔ان بزرگوں نے صدیوں پہلے یہ بتادیا کہ راہ حق کی تلاش کے لیے نکلنا ہو یا زمانے میں زور پکڑنے والے غلط عقائد و تحریکوں سے خود کو بچانا ہو،اس کے لیے بنیادی اسلامی عقائد اور شریعت حقہ کا علم حاصل کرنا کتنا لازمی اور ضروری ہے۔ پھر اس زمانے میں جن لوگوں نے درست راستے سے انحراف کیا، ان کو راہ راست پر لانے اور ان کی حوصلہ شکنی کرنے کے لیے انھوں نے دامے، درمے، سخنے اور قلمے ہر طرح سے کوششیں فرمائیں۔ اللہ تعالیٰ نے انھیں ان کوششوں میں کام یابی بھی عطا فرمائی۔ آج ضرورت اس بات کی ہے کہ ان کی ان کام یاب کوششوں کو منظر عام پر لانے کے لیے ٹھوس اقدامات کیے جائیں اور انھیں معاشرے میں عام کیا جائے تاکہ معاشرے میں بڑھتی ہوئی لادینیت اور اسلامی تعلیمات سے دوری کا ازالہ کیا جا سکے۔ یہ تحقیقی مقالہ بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔

# List of Sources in Roman Script


- Abu Zafar Nadvi. Gujarat Ki Tamadduni Tareekh. Azamgarh: Matba Ma’arif, 1962.
- Ali Muhammad Khan. Tareekh-e-Auliya-e-Gujrat (Tarjuma: Miraat e Ahmadi) Mutrajim: Abw Zafar Nadvi. Ahamdabad: Panch Patti, n d.
- Allama Abdul Hai Hasani Lakhnawi. Nuzhat-al-Khawāṭir wa-Bahjat al-Masāmiʻ wa-al-Nawāẓir. Beirut: Dar Ibn-e-Hazam, 1420h.
- Imam al-Muttaqi al-Hindi. Kanz al-Ummal Fee Sunan al-Aqwal wa al-Af'al. Karachi: Daral-Isha’at, 2009.
- Ishtiaq Husain Quraishi. Barresaghir Pak o-Hid ki Milat-e- Islamia. Mutarjim: Hilal Ahmad. Karachi: Jamia Karachi,1977.
- Ishtiyaq Husain Qureshi. Ulma Maidan-e-Siyasat Mein. Karachi: Jamia Karachi, 1994.
- Maulana Ziyauddin Islaahi. Tazkira-tul-Mohaddiseen. Lahore: Dar al-Iblagh, 2014.
- Mohammad Yusuf Motala. Mashaikh Ahmedabad. Lahore: Maktba Alharamain, 1432h.
- Muhammad Bin Tahir Ali Patani. Tazkirah al-Mouzuaat. Qahira: Idara al-Taba’at al-Muniria, 1343h.
- Muhyud Din Abdal Qadir Al-Idrus Al-Yamani. An-Nur As-Safir Fii Akhbar Al-Karn Al-Ashir. Beirut: Dar-al-Sader, 2001.
- Najm al-Dīn Muḥammad Ghazzī, Al-Kawakib al-sāʾirah bi aʻyān al-miʾah al-ʻāshirah. Bierut: Dar Al-Kutub al-Ilmia, 1418h.

- Sayyad Mohamed Al-Husayni Al-Chelli Al-yamani. Alsana' Albahir Bitakmil Alnuwr Alsaafir Fi 'Aeyan Alqarn Aleashir. Sana'a: Mktaba tal- Irshad ,1425h.
- Shaikh Abdul Haqq Muhaddis Dehlvi, Zad-ul-Muttaqeen Fi Suluk Tariq al-Yaqeen. Murarajim: Maulana Dr. Abdul Muhammad Ebad al-Haleem Chishti. Karachi: Al-Rahim Academy,1419h.
- Shaikh Abdul Haqq Muhaddis Dehlvi. Akhbar-ul-Akhyar Ma'a Maktubaat. Lahore: Nooria Rizvia Publishing Company, 2015.
- Shaikh Abdul Wahab Aqsa, Tazkira-e-Allama Shaikh Mohammad Bin Tahir Mohaddis Patni. Delhi: Nadwa-tul-Musannefin , 1373h.
- Shaikh Mohammad Ikram. Rood-e-Kausar. Lahore: Idaara Saqafat -e-Islamia, 2015.